وقت: تین گھنٹے

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

کل نمبر: ۱۰۰

امتحان ضمنی م۔۸/۲ درجہ متوسطہ سال سوم (مڈل) برائے طلبہ سال ۱۴۴۲ھ

دوسرا پرچہ: عقائد

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔۔تعلیم الاسلام

سوال نمبر1:۔ درج ذیل میں سے دس (۱۰) کے جوابات لکھیں۔ ۳۰

(۱) اللہ تعالیٰ کا ایک ہونا کہاں سے ثابت ہے؟

(۲) قرآن مجید کس طرح نازل ہوا؟

(۳) کیا فرشتے خدائے تعالیٰ کے حکم کے خلاف کچھ نہیں کرتے؟

(۴) معصوم کسے کہتے ہیں؟

(۵) قرآن مجید سب سے پہلے کس جگہ نازل ہوا؟

(۶) کیا امام اور ولی بھی معصوم ہوتے ہیں؟

(۷) پورا قرآن ایک دفعہ اکھٹا ہی نازل ہوا یا تھوڑا تھوڑا کرکے؟

(۸) صحابہ میں سب سے بڑا رتبہ کس کا ہے؟

(۹) عشرہ مبشرہ کون ہیں نام لکھیں؟

(۱۰) سیدالانبیاء کون ہے؟

(۱۱) یہ کیسے معلوم ہوا کہ توریت، زبور اور انجیل خدائے واحد کی کتابیں ہیں؟

(۱۲) خلیفہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر2:۔ درج ذیل میں سے دس (۱۰) کے جوابات لکھیں ۳۰

(۱) صحابی کسے کہتے ہیں؟

(۲) معجزہ کسے کہتے ہیں؟

(۳) کرامت کسے کہتے ہیں؟

(۴) پل صراط کسے کہتے ہیں؟

(۵) کل صحابہ کتنے ہیں؟

(۶) اولیاء کسے کہتے ہیں؟

(۷) حضرت عبداللہ و حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کا وصال کب ہوا؟

(۸) پیر کیسا ہونا چاہیے؟

(۹) حضور اکرم ﷺ نے اعلان نبوت کب فرمایا؟

(۱۰) آپ ﷺ نبوت سے کب سرفراز ہوئے؟

(۱۱) والدہ کے بعد آپ ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

(۱۲) منکر نکیر قبر میں کیا سوالات کرتے ہیں؟

حصہ دوم۔۔۔۔ایمانیات

سوال نمبر3:۔ صرف چار کے جوابات مطلوب ہیں ۴۰

(۱) ایمان مفصل معنی کے ساتھ تحریر کریں۔

(۲) چھٹا کلمہ لکھیں۔

(۳) چوتھے کلمے کا ترجمہ کریں۔

(۴) پانچویں کلمہ کا صرف ترجمہ قلم بند کریں۔

(۵) ایمان مجمل اعراب (زبر، زیر) کے ساتھ لکھیں۔

تیسرا پرچہ: فارسی و اردو ادب

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول....فارسی ادب

سوال نمبر1:۔ کوئی سے دو اجزاء کا جواب تحریر کریں۔ 20

(الف) ماضی مطلق کی تعریف اور بنانے کا قاعدہ مثال کے ساتھ بیان کریں۔

(ب) فعل ماضی کی چھ اقسام کے نام بتائیں اور ہر ایک کی مثال بھی دیں۔

(ج) خواندن سے ماضی مطلق مجہول کی گردان مع ترجمہ لکھیں۔

سوال نمبر2:۔ درج ذیل میں سے دو اجزاء کا جواب دیں۔ 20

(الف) آمرزیدن، آوردہ شدند، پروردہ است، کا ترجمہ کریں، صیغہ بھی بتائیں۔

(ب) ماضی قریب، امر معروف، نہی معروف بنانے کے اشعار تحریر کریں۔

(ج) فاعل، مفعول، لازم، متعدی، فعل معروف کی تعریف کریں۔

حصہ دوم....پند نامہ

سوال نمبر3:۔(الف) درج ذیل میں سے پانچ اشعار کا ترجمہ کریں 25

(1) حمد بے حد مر خدائے پاک را آنکہ ایماں داد مشت خاک را

(2) آنکہ لطف خویش را اظہار کرد با خلیلش نار ا گلزار کرد

(3) آنکہ شد یارش ابوبکر و عمر از سر انگشت او شق شد قمر

(4) صاحبش بودند عثمان و علی ہر آں گشتند در عالم ولی

(5) اے برادر گر تو ہستی حق طلب جز بہ فرمان خدا مکشائی لب

(6) گر خبر داری ز حی لایموت بر دہان خود بنہ مہر سکوت

(ب) مذکورہ الفاظ میں سے پانچ کا معنی لکھیں۔ 10

۱: پسر بستم ۲: شوکت ۳: قصر ۴: اعداء ۵: مگو ۶: محبوس

حصہ سوم....اردو ادب

سوال نمبر4:۔(الف) درج ذیل میں سے چار کے مختصر جوابات لکھیں۔ 20

(1) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو تاجروں نے کتنے نفع کی پیش کش کی؟

(2) ہمیں ایک دوسرے کی مدد کیسے کرنی چاہیے؟

(3) موسم گرما میں کن چیزوں سے لطف اٹھایا جاتا ہے؟

(4) شر کی مثالیں کس لئے محفوظ رکھی گئی ہیں؟

(5) موسم سرما میں برف باری دیکھنے کے لیے آپ کن علاقوں میں جاتے ہیں؟

(6) عمر ثانی کا خطاب کسے دیا گیا؟

(ب) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کی جمع لکھیں۔ 5

۱: شاخ ۲: اصلاح ۳: جنگ ۴: ملک ۵: نقصان ۶: کتاب

سوال نمبر5:۔(الف) درج ذیل میں سے چار الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ 20

۱: جہالت ۲: خودغرضی ۳: وصیت ۴: اکتاہٹ ۵: خلوص ۶: بہار ۷: خزاں

(ب) درج ذیل الفاظ میں سے پانچ کے متضاد لکھیں۔ 5

۱: عمومی ۲: ٹھنڈا ۳: اجالا ۴: بدصورت ۵: نفرت ۶: رسوائی ۷: زمین ۸: دنیا

سوال نمبر6: درج ذیل میں سے دو اسباق کا خلاصہ لکھیں۔ 20

(الف) درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو، حضرت عمر بن عبدالعزیز، ملی وحدت

(ب) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معانی لکھیں۔ 5

۱: معارف ۲: عبور کرنا ۳: آسودگی ۴: خاطرخواہ ۵: تشویش ۶: امت مسلمہ ۷: اتحاد ۸: عظمت

چوتھا پرچہ: عربی

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1:۔ کوئی سے دو اجزاء کا ترجمہ لکھیں۔ ۴۰

(الف) قَدْ نُزِّلَ القرآنُ الكَرِيمُ فی شَهرِ رَمَضَانَ وفيه يَصُومُ المُسلِمُونَ وفی أوّلِ يوم من شَهرِ شوال يَحْتَلِفُون بعيدِ الفطر كَما يَحتَلِفُونَ بعيدِ الأَضحیٰ فی ذی الحَجَّةِ۔

(ب) وكان مُصعَبٌ من المُهاجِرينَ الأَولينَ فَقَد هَاجَرَ إلی الحبشَةِ مع المُسلمينَ وكان عددُهم ثَلاثَةً وثَمَانِينَ رَجُلاً مَاعَدَا النساءَ والأَطفَالَ

(ج) الحَضَارَةُ الإسلاميةُ تَقومُ علی الإيمَانِ بِاللهِ والعَلاقَةِ الصَّحِيحَةِ بين الإنسانِ وَمَا حولَه ومَن حولَه والجمع بَينَ حَسَناتِ الدنيا والأَخِرةِ۔

سوال نمبر2:۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار سوالات کے عربی میں جواب دیں۔ ۲۰

(۱) مَاهُوَ عامُ الحزنِ فی حَيَاةِ النبی ﷺ؟ (۲) لِمَاذَا ضَرب ابنُ عمرو المِصرِیَّ؟

(۳) لِمَاذا نَعُدُّ مُصْعَبا من السابِقِينَ الأَوَّلِينَ؟ (۴) كَم سَنَةً عَاشَت خَدِيجَةُ مَعَ النبیِّ ﷺ؟

(۵) أَينَ كَانَ عُمرُ عِندَمَا جاءَهُ الرَجُلُ الرُومِیُّ؟

سوال نمبر3:۔ درج ذیل دس (10) الفاظ کے معانی لکھیں۔ ۲۰

۱: رِبْحٌ وَفِيرٌ ۲: يَنْقَطِعُ ۳: لَاقَاهُ ۴: عَاشَ ۵: كَذَّبَنِی ۶: المُنَاسَبَاتُ

۷: أَبْصَرْتُهَا ۸: أَالتَّقْوِيمُ ۹: الأُسبوعُ ۱۰: يَحْتَلِفُونَ ۱۱: تُعَطَّلُ ۱۲: كَمْ رَجُلاً

سوال نمبر4:۔ درج ذیل میں سے چار کی عربی بنائیں۔ ۲۰

۱: مسلمانوں کا سالانہ اجتماع کب ہوتا ہے؟

۲: اسلام انسانی حقوق کی حفاظت کرتا ہے۔

۳: اسکول کی ۱۰۰ طالبات نے سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں مضمون لکھا۔

۴: وہ ایک بہترین معلم اور مبلغ ثابت ہوئے۔

۵: روم کے سفیر نے انہیں درخت کے نیچے گہری نیند میں دیکھا۔

پانچواں پرچہ: حساب ومعاشرتی علوم

نوٹ: حصہ اول سے کوئی چار سوال جبکہ حصہ دوم سے کوئی دو سوال حل کریں۔

حصہ اول....حساب

سوال نمبر1:- درست بیانات کے سامنے (ص) اور غلط کے سامنے (غ) لکھیں۔ 15

(۱) کسی شئے کی لکھی ہوئی قیمت پر رعایت کمیشن کہلاتی ہے۔

(۲) انکم ٹیکس خالص آمدنی پر ہی لگایا جاتا ہے۔

(۳) کتابوں کی تعداد اور ان کی قیمت میں تناسب معکوس ہوگا۔

(۴) بیمہ کسی شخص کی صرف زندگی کا کرایا جاتا ہے۔

(۵) 100 کا 100 فیصد 10 کے برابر ہوتا ہے۔

سوال نمبر2:-(i) ایک درجن انڈوں کی قیمت 96 روپے ہو تو 60 روپے میں کتنے انڈے ملیں گے؟ 7

(ii) ایک درجن کیلوں کی قیمت 50 روپے ہو تو اٹھارہ کیلے کتنے کے آئیں گے۔ 8

سوال نمبر3:- اگر 8 میٹر لمبے اور تین میٹر چوڑے قالین کی قیمت 1800 روپے ہو تو 16 میٹر لمبے اور چھ میٹر چوڑے قالین کی قیمت معلوم کریں۔ 15

سوال نمبر4:- ایک اخبار فروش نے ایک ماہ میں 12 ہزار روپے کے اخبار فروخت کئے اور 1800 روپے کمیشن حاصل کیا، کمیشن کی شرح فی صد معلوم کریں۔ 15

سوال نمبر5:- اگر ایک شخص کی ماہانہ آمدنی 6500 روپے ہو اور ٹیکس کی شرح 5 فیصد اور ٹیکس ریٹ کی رقم 50 ہزار ہو تو انکم ٹیکس کی رقم معلوم کریں۔ 15

سوال نمبر6:- ایک گھر میں 10 آدمیوں کے لئے 21 دن کی خوراک موجود ہے اگر تین آدمی چلے جائیں تو وہی خوراک کتنے دنوں کے لئے کافی ہوگی۔ 15

حصہ دوم....معاشرتی علوم

سوال نمبر7:- مختصر جواب تحریر کریں۔ 20

چاند کس تاریخ کو مکمل نظر آتا ہے؟ دب اکبر کسے کہا جاتا ہے؟ پہلے دن کا چاند کو کیا نام دیا جاتا ہے؟

اسلامی سال کس ماہ سے شروع ہوتا ہے؟ پیشے سے کیا مراد ہوتا ہے؟

سوال نمبر8:- نظام شمسی کسے کہتے ہیں؟ اس نظام کے تمام سیاروں کے نام لکھیں۔ 20

سوال نمبر9:- مکہ معظمہ اور استنبول کہاں واقع ہیں؟ اور کیوں مشہور ہیں؟ 20

چھٹا پرچہ: جنرل سائنس و انگلش

نوٹ: تمام سوالات حل مطلوب کریں۔

حصہ اول: جنرل سائنس

سوال نمبر1:۔ درج ذیل میں سے چھ سوالات کے مختصر جوابات لکھیں؟ ۳۶

۱: پاسچرائزیشن اور سٹرلائزیشن میں فرق تحریر کریں؟ ۲: نقل مکانی سے کیا مراد ہے؟ ۳: پاپولیشن اور کمیونٹی کسے کہتے ہیں؟
۴: انسان میں وائرس سے پھیلنے والی چار بیماریوں کے نام لکھیں۔ ۵: گرین ہاؤس ایفکٹ کیسے پیدا ہوتا ہے؟
۶: کولڈ بلڈڈ اور وارم بلڈڈ جانوروں میں کیا فرق ہے؟ ۷: انسان میں پائے جانے والے دو پیرا سائنس کے نام لکھیں۔

سوال نمبر2:۔ تین سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ ۳۹

۱: جانوروں کی گروہ بندی کیوں ضروری ہے؟ ۲: جوڑ دار ٹانگوں والے جانوروں کی امتیازی خصوصیات بیان کریں۔
۳: شہری آبادی میں اضافہ کس قسم کے ماحولیاتی مسائل کو جنم دیتا ہے؟
۴: جنگلات کے فوائد اور ڈی فارسٹیشن کے نقصانات تحریر کریں۔

Q.No.3: Translate into Urdu any two of the following. 15+15=30

(i) Uncle. your school ,I hear ,has just reopened after vacation and I do not think , you have missed much. I think that with just a little extra effort you could easily make up your deficiency in your studies.

(ii) As old man had a lot of money. He did not know where to keep it. There were no bank in those days. He hit upon an idea.

(iii)We follow the teaching of our Holy Prophet.We learn from his life how much tolerance he practised.The Holy Prophet showed great tolrance all though his life.

Q.No.4:Answer any five of the following questions. 5x5=25

(i)What do you mean by tolerance?

(ii)What did Hazrat Jibrael ask the Holy Prophet?

(iii)What did the forgetful man do when he saw his money?

(iv)What did the thief do them?

(v)Why did Qasim go to Dubai?

Q.No.5: Write a letter to your brother for sending some money? 20

or

Write an application to the principal for sick leave.